7738 ـ کیا شخصی سبب کی بنا پر کسی مسلمان کو رد کرسکتی ہے

سوال

کیا کسی شخصی سبب کی بنا پر (مجھے پسند نہ آیا ہو) میرا کسی اچھے حال والے مسلمان سے شادی کرنے سے انکار معصیت شمار ہوگا ؟
وہ کونسے نقصان دہ امور ہیں (اگر پائے جائیں) جو ایسا کرنے سے عمومی اورشخصی طور پر مترتب ہوں گے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

ایسا کرنا معصیت شمار نہیں ہوگا ، اس لیے کہ اسلام میں دیکھنا اور اطمنان نفسی لڑکی کا حق ہے (اورہوسکتا ہے لڑکی کوبعض اوقات مرد کی خلقت اورشکل پسند نہ آئے ، تو اس صورت میں اگروہ ایسے مرد سے شادی کرنے سے انکار کرتی ہے تو اس پر کوئي گناہ نہیں) ۔

لیکن اگر آپ کویہ خدشہ ہو کہ آپ سے گاڑی چھوٹ جائے گی (یعنی شادی کی عمر ڈھل جائے گی) یا پھرآپ کواس طرح کا بھی نہ ملے گا تو آپ اپنی اس مزاجیت کو چھوڑ دیں اوراپنی عقل پر کنٹرول کرتے ہوئے شادی کرنے میں جلدی کریں ۔

شیخ ابراھیم الخضیری ۔

اورجب عورت کسی صاحب خلق اوردین والے شخص کواپنی خواہش کی پیروی کرتے ہوئے رد کرتی ہے تو وہ اس طرح بغیر شادی کے بیٹھی رہتی ہے ۔

اللہ تعالی محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے ۔

واللہ اعلم .